اپنی اولاد کی مستقبل کی تعلیم اور شادی کے لئے
ایک صحیح راہ پر منصوبہ بندی کیجئے



# این بی پی | ایجوکیشن اینڈ میرج پلان

NBP
National Bank of Pakistan

NBP is acting as corporate agent/distributor of EFU Life

efu LIFE
Zaroori Hai

# اپنی اولاد کی مستقبل کی تعلیم اور شادی کے لئے
# ایک صحیح راہ پر منصوبہ بندی کیجئے

ایجوکیشن اینڈ میرج پلان، ایک یونٹ سے منسلک پلان ہے جو آپ کو اپنی اولاد کی تعلیم یا شادی کی منصوبہ بندی کے مقصد کیلئے ایک منظّم طور پر اور نظم وضبط طور پر، ایک طے شدہ مدّت میں اور آپ کی ضروریات اور طلب کو معاونت فراہم کر کے، ایک مکمل مالیاتی پیکیج مہیّا کرتا ہے۔ یہ پلان آپ کی اولاد کی زندگی میں شادی کیلئے اوران کی تعلیم کے لئے، آپ کو پالیسی کی مدّت تک کیش ویلیوز کا نمایاں مجموعہ فراہم کر کے، آپ کے اپنی اولاد کیلئے بچت کا بہترین موقع پیش کرتا ہے۔ منظّم بچتوں کے ذریعے، آپ اپنے بچے کو آنے والے سالوں میں انکے لئے ضروری مالی تحفّظ دے سکتے ہیں۔ چنانچہ، وہ آپ کی اولاد کی مالی ضروریات کو سمجھتے ہوئے، چاہے وہ تعلیم ہو یا ایک بہترین شادی کا منصوبہ ہو یہ پلان آپکے لئے انتہائی مناسب ہے۔

## ایجوکیشن اینڈ میرج پلان کی خصوصیات:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ سرمایہ فنڈ میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ سے منسلک فنڈز میں سے کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- **ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ:** ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز محتاط طور پر منتخب کی گئی بلوچپ ایکویٹیز اور دیگر مقرّرہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔
- **ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:** مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بِڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدّت ڈیبٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔
- **ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ:** سرمایہ کاری فنڈ جسکا خاص مقصد سود سے پاک سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری ہے۔ اس کا ہدف سرمایہ کاری کی ایک وسیع حد میں سرمایہ کاری کے ذریعے، جیسے کہ اسلامی میوچل فنڈز، شریعہ سے منظور شدہ ایکویٹیز، اسلامی بینکوں میں مدّت پر مبنی ٹرم ڈیپازٹس اور سکوک بانڈز کے ذریعے، سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

ان فنڈز کا انتظام سرمایہ کاری کے ماہرین چلاتے ہیں جو موجودہ معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے بہترین مواقع کی بنیاد پر سرمایہ کاری کے امتزاج میں ردّوبدل کرتے ہیں۔

## فنڈ ایکسلریشن پریمیئم:

اگر آپ کے پاس، پلان کی مدّت کے دوران کسی بھی وقت اضافی نقد رقم موجود ہو تو اپنی کیش ویلیوز کو بڑھانے کیلئے آپ اس کو منصوبے میں سرمایہ کاری کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اضافی ادائیگیوں کو فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کہتے ہیں۔ آپ یہ ادائیگیاں پالیسی کے نافذ العمل ہوتے ہوئے کسی وقت بھی ادا کر سکتے ہیں۔ کم از کم فنڈ ایکسلریشن پریمیئم 20,000 روپے فی ادائیگی ہے۔ فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے مختص کیا جاتا ہے۔

## افراطِ زر سے تحفّظ :

اس انتخاب کے تحت، بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمیئم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیئم کا 5 فیصد، اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ، بڑھ جائے گا۔

## ایجوکیشن اینڈ میرج پلان کے فوائد:

### کنٹینیوشن بینیفٹ:

پلان کی اختتامی مدّت سے قبل بیمہ دار کی وفات کی صورت میں، یہ پلان، اپنے کنٹینیوشن بینیفٹ کے ذریعے آپ کے بچے کے مستقبل کو محفوظ بناتا ہے۔ یہ پلان میں خودکار طور پر موجود ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بیمہ دار کی وفات کے بعد پلان کی میچیورٹی کی تاریخ تک مستقبل کے تمام پریمیئمز ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔ اس کے معنی یہ کہ وہ فنڈز جن کے لئے آپ نے اصلاً منصوبہ بندی کی تھی، آپ کی اولاد کے لئے پھر بھی دستیاب ہونگے۔

## پالیسی کے اختتام پر فائدہ (میچیورٹی بینیفٹ)

پالیسی کی مدّت کے اختتام پر حاصل فائدہ پلان کے باقاعدہ پریمیئم پر لاگو کیش ویلیوز کے ساتھ ساتھ، فنڈ ایکلریشن پریمیئمز، اگر کوئی ہوتو ان کی کیش ویلیوز، بیمہ دار کو ادا کی جائے گی۔

## پلان میں دستیاب اضافی فوائد:

- **ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی پلس بینیفٹ:**

  بیمہ دار کی حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں، یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

- **ایڈیشنل ٹرم انشورنس:**

  بیمہ دار کی وفات کی صورت میں، یہ رائڈر اصل منصوبے کے سم اشورڈ کا 50 سے لے کر 200 فیصد تک اضافی رقم مہیّا کر کے بیمہ زندگی کے تحفّظ کا درجہ بڑھاتا ہے۔

- **انکم بینیفٹ:**

  اس رائڈر کی مدّت کے دوران، پالیسی کے حامل/ بیمہ دار کی وفات کی صورت میں، یہ اضافی فائدہ آپ کے پسماندگان کو ایک بہترین معیار زندگی برقرار رکھنے کیلئے، سہ ماہی بنیاد پر ایک اضافی فائدہ مہیّا کرے گا۔

- **ویور آف پریمیم:**

  اگر بیمہ دار کسی بیماری یا حادثے کے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے کے قابل نہ ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گی۔

## بچتوں تک رسائی:

یہ پلان کسی بھی وقت، اس کی مدّت کے دوران، مجموعی کیش ویلیوز تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ پلان میں جمع شدہ تمام یونٹس دوسرے سال کے باقاعدہ پریمیئم کی ادائیگی کے بعد نکلوائے جاسکتے ہیں۔ جزوی دستبرداری کی سہولت بھی موجود ہے بشرطیکہ کہ فنڈ میں 20,000 روپے کی رقم بھی موجود رہے۔ اگر صارف پلان سے مکمل دستبرداری حاصل کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیوز میں تبدیل کردیا جائے گا اور پلان کو منسوخ کردیا جائے گا۔

## ایلوکیشن فیصد:

بنیادی پلان کے پریمیم کا حصہ جو سرمائے کیلئے مختص کیا جاتا ہے اسکا تناسب درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | یونٹ کی تخصیص (فیصد) |
|---|---|
| 1 | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد |
| 3 | 90 فیصد |
| 4 سے 5 سال | 100 فیصد |
| 6 سے 10 سال | 103 فیصد |
| 11 اوراس سے زائد | 105 فیصد |

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات:

**اس پلان کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے اور پلان کی حدود کیا ہیں؟**

اس پلان کی بچتوں کی کم ازکم مدت 10 سال ہے اور زیادہ سے زیادہ 25 سال، بشرطیکہ میچیورٹی کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔ تمام افراد جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہو (اگلی سالگرہ پر)، اس پلان کے اہل ہیں۔

## کم ازکم پریمیئم کتنا ہوسکتا ہے؟

کم ازکم بنیادی پریمیئم 15,000 روپے ہے۔موڈ وائس کم ازکم پریمیئم درج ذیل ہے۔

| ادائیگی کا طریقہ کار | کم ازکم پریمیم |
|---|---|
| سالانہ | 15,000 |
| ششماہی | 7,500 |
| سہ ماہی | 3,750 |
| ماہانہ | 1,250 |

## اخراجات کیا ہیں؟

منصوبے پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوتا ہے:

| | |
|---|---|
| ایڈمنسٹریشن چارجز | 60 روپے ماہانہ |
| بڈ آفر سپریڈ | کُل باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد |
| انویسٹمنٹ منیجمنٹ چارجز | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |

## میں وفات کلیم کیسے داخل کرسکتا ہوں؟

جیسا کہ کلیم کا تصفیہ اور تجویز ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ کی ذمہ داری ہے، بیمہ دار کے نامزد کردگان کلیم سے متعلق ضروریات کیلئے جمع کرانے کیلئے براہ راست ای ایف یو لائف سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ ایک دفعہ کلیم کی تمام ضروریات مکمل کردی جائیں گی، کمپنی اس پروڈکٹ کی شرائط وضوابط کی مناسبت سے کلیم پر اپنا فیصلہ دے گی۔

## قابلِ تنبیہ امور:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، یہ نیشنل بینک آف پاکستان یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ نیشنل بینک آف پاکستان کی پروڈکٹ ہے۔
- نیشنل بینک آف پاکستان اپنے قابل قدر صارفین کیلئے اس پروڈکٹ کا صرف تقسیم کار اور تشہیر کار ہے۔
- آپ کے پریمیئم کی قدر میں نشوونما کا انحصار منتخب شدہ فنڈ جس میں پریمیئمز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، کارکردگی پر ہے۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں رسک کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں رسک بیمہ دار کی ذمّہ داری ہوگا۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے نتائج کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کے کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی نیشنل بینک آف پاکستان اسکے لئے کوئی ذمّہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- متعلقہ اداروں کے مقرر کردہ ٹیکس کے قوانین کے تحت ٹیکسوں کا اطلاق ہوگا۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کی شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پلان کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔

**EFU LIFE ASSURANCE LTD.**
EFU Life House: Plot No. 112, 8th
East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
Tel: (021) 111-EFU-111 (111-338-111)
Fax: (021) 34537519
Website: www.efulife.com